# رائے عامہ سروے | پاکستان میں فضائی سفر کا تجربہ

**80٪ پاکستانیوں کے مطابق اُنہوں نے کبھی ہوائی جہاز میں سفر نہیں کیا ہے، جبکہ صرف 15٪ افرادنے کبھی نہ کبھی فضائی سفر کرنے کا بتایا؛ 50 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں فضائی سفر کا تجربہ سب سے زیادہ (42٪) پایا گیا۔**

برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ نے کبھی ہوائی جہاز کے ذریعے سفر کیا ہے؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan
(www.gallup-international.com;
www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

سفر

پاکستان میں فضائی سفر کا تجربہ

## 80% پاکستانیوں کے مطابق اُنہوں نے کبھی ہوائی جہاز میں سفر نہیں کیا ہے، جبکہ صرف 15% افراد نے کبھی نہ کبھی فضائی سفر کرنے کا بتایا؛ 50 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں فضائی سفر کا تجربہ سب سے زیادہ (42%) پایا گیا۔

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**

(اسلام آباد)، 03 ستمبر 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 4 (80%) پاکستانیوں نے کبھی ہوائی جہاز میں سفر نہیں کیا، جبکہ صرف 15% کا کہنا ہے کہ وہ کبھی نہ کبھی فضائی سفر کر چکے ہیں۔ 50 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں فضائی سفر کا تجربہ نمایاں طور پر زیادہ ہے، جن میں 42% نے ہوائی جہاز میں سفر کیا ہے۔ اس کے مقابلے میں 30 سے 50 سال کی عمر کے افراد میں یہ شرح صرف 11% اور 30 سال سے کم عمر افراد میں 8% دیکھنے میں آئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ نے کبھی ہوائی جہاز کے ذریعے سفر کیا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 15% جوابدہندگان کے مطابق ہاں، اُنہوں نے ہوائی جہاز کے ذریعے سفر کیا ہے۔ جبکہ 80% جوابدہندگان کے مطابق نہیں، اُنہوں نے کبھی ہوائی جہاز کے ذریعے سفر نہیں کیا ہے، تاہم ، 5% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

مجموعی طور پر نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان میں فضائی سفر اب بھی نسبتاً محدود ہے، جہاں صرف 15% افراد نے کبھی ہوائی جہاز میں سفر کرنے کی اطلاع دی۔ سب سے نمایاں فرق مختلف عمر کے گروپوں کے افراد کے درمیان دیکھنے میں آیا، جہاں 50 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں نوجوان پاکستانیوں کے مقابلے میں فضائی سفر کرنے کا تجربہ کہیں زیادہ ہے۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ نے کبھی ہوائی جہاز کے ذریعے سفر کیا ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*

*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 811 خواتین اور مرد حضرات سے 18 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**عمر کے اعتبار سے نتائج:** فضائی سفر کا تجربہ عمر کے مختلف گروپوں میں نمایاں طور پر مختلف ہے۔ 50 سال یا اس سے زائد عمر کے 42% افراد کا کہنا ہے کہ وہ ہوائی جہاز میں سفر کر چکے ہیں، جبکہ 30 سے 50 سال کی عمر کے افراد میں یہ شرح 11% اور 30 سال سے کم عمر افراد میں صرف 8% رہی۔ اس کے بر عکس، 30 سال سے کم عمر کے 92% اور 30 سے 50 سال کی عمر کے 79% افراد کا کہنا ہے کہ انہوں نے کبھی ہوائی جہاز میں سفر نہیں کیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*([www.gallup-international.com](http://www.gallup-international.com); [www.gallup.com.pk](http://www.gallup.com.pk), [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 03 September 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)